افکار و تاثرات ________ قارئین بنام مدیر

حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب مدظلہ

(مہتمم وقف دارالعلوم دیوبند)

حضرۃ المحترم المکرم مولانا سمیع الحق صاحب زید مجدکم۔

السلام علیکم رحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اکرم نامہ نے مشرف فرمایا دعوت مقالہ باعث عزت ہوئی۔ اور تعمیل امر گرامی موجب سعادت ہوگی۔ مجلّہ موقرہ ''الحق'' کا 'اکیسویں صدی کے چیلنجز اور عالم اسلام' کے موضوع پر خصوصی نمبر وقت کی ایک ملت نواز اور حیات آفریں، اہم ترین ضرورت کی تکمیل ہوگی۔ یہ موضوع اپنی اہمیت و عمومیت کے اعتبار سے جس قدر زباں زد ہے۔ خدا کرے کہ آپ جیسے حضرات کی مساعی جمیلہ سے اسی کے ''شایان شان'' ملت اسلامیہ میں اسکی تیاری کا احساس بیدار ہو۔ دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت آں محترم کی مساعی جمیلہ کو مشکور فرمائے۔

مجھے گرامی نامہ ''آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ'' کی ورکنگ کمیٹی اور عظیم الشان اجلاس عام ممبئی اور حیدر آباد اور دیگر مقامات کے اجتماعات میں شرکت کے بعد، دیوبند واپسی پر ۴ نومبر کو ملا جس میں اختتام نومبر تک نام نہاد 'مقالہ' روانہ کرنیکی ہدایت فرمائی گئی ہے۔ جبکہ آج ہی طے شدہ پروگرام کے مطابق احقر رانچی (بہار) کے سفر پر روانہ ہو رہا ہے۔ اور وہاں سے واپسی کے فوراً بعد دیوبند آ کے بغیر رکے دہلی سے دبئی وغیرہ کا سفر درپیش ہے۔ یعنی طے شدہ پروگراموں کے مطابق احقر کی واپسی ۲۸ نومبر کو دیوبند ہوگی۔ وقت کی اس غیر معمولی قلت و مصروفیات کے باوجود تعمیل امر گرامی کی سعی کرونگا۔ والسلام سالم قاسمی

جناب ڈاکٹر ظہور احمد اظہر صاحب

مکرمی و محترمی مولانا سمیع الحق صاحب (صدر رابطہ ادب اسلامی عالمی، پاکستان)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ گرامی نامہ کے لئے شکر گزار ہوں۔